Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر [illegible] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۸ فروری ۱۹۳۶ء جلد [illegible]

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع یکم فروری ۱۹۳۶ء

حسب سفارش عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر
کپتان صاحبزادہ سید یوسف جمال خاں بہادر کی ونگ افسر
تھرڈ رامپور [illegible] انفنٹری وکمانڈنٹ فورٹ کی رخصت
تین یوم تاریخ استعفاء سے منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں

بائی آرڈر
دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر۔

اُرڈرز اَن اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر آن اسٹیٹ کونسل:- واقع ۴ فروری ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم فروری ۱۹۳۲ء میں کاغذات منظوری کمیشن ریٹ ٹیلیفون پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر - اوقات ذیل میں برائے پبلک کو ٹیلیفون ٹرنک لائن پر گفتگو کیلئے معمولی ریٹس مقرر کئے جاتے ہیں۔

(۱) ۸ بجے شب تا ۸ بجے صبح ہمیشہ نصف ریٹ۔

(۲) اتوار کے روز ۸ بجے صبح تا ۸ بجے شب نصف ریٹ۔

(۳) گڈ فرائی ڈے - ۸ بجے صبح تا ۸ بجے شب نصف ریٹ

(۴) نیو ایرس ڈے - ۸ بجے صبح تا ۸ بجے شب نصف ریٹ۔

(۵) کنگ ایمپرر برتھ ڈے - ۸ بجے صبح تا ۸ بجے شب نصف ریٹ۔

(۶) بڑا دن - ۸ بجے صبح تا ۸ بجے شب نصف ریٹ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل۔

آرڈر آن اسٹیٹ کونسل:- واقع ۴ فروری ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم فروری ۱۹۳۲ء میں قواعد علیحدگی ملازمان میونسپل بورڈ بوجہ پیرانہ سالی مرتبہ میونسپل بورڈ حسب تفصیل ذیل پیش ہوئے۔

(قواعد متعلق علیحدگی ملازمان بوجہ پیرانہ سالی)

۱- لازم ہے کہ ہر سال یکم اکتوبر یا اس سے قبل ایک فہرست ملازمان میونسپل بورڈ کی جنکی عمر یکم نومبر کو ساٹھ سال سے تجاوز کرے پیش کیجائے۔

۲- لازم ہے کہ جلسہ بورڈ میں فہرست پر غور کیا جائے اور تحتم حکم صادر کیا جائے کہ کن ملازمان مندرجہ فہرست کو علیحدہ کیا جانا ہے

۳- کوئی ملازم جسکی عمر یکم نومبر کو ۶۰ برس سے تجاوز کرے اثنا بلا وجہ کے ملازمت سے علیحدہ کر دیا جائیگا۔

۴- لازم ہے کہ اگر کوئی توسیع زیر قاعدہ ۲ و ۳ مذکورہ بالا کسی ملازم کو دیجائے اسکی مدت صرف ایک سال کیواسطے مقرر ہوگی۔

۵- لازم ہے کہ اگر کسی ملازم کی عمر میں شبہ ہو تو بورڈ بذریعہ ضروری تحقیقات کے عمر کے اندراج کا حکم صادر کرے اور جو عمر اسطرح سے درج کیجائیگی وہ ان قواعد کے اغراض کیلئے صحیح سمجھی جائیگی۔ طے پایا کہ:-

بازدیاد عبارت ذیل بطور نمبر ۶ قواعد مذکور کی منظوری دیجاتی ہے۔

۶- اگر کمشنر امیونسپلٹی آفیسر اور انجنیر ۶۵ سال تک ملازم رکھینگے گو توسیع منظوری گورنمنٹ ۷۰ سال تک ہوسکیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

مورخہ ۵ ر فروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم فروری ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بابت مدد رحکم شمول کریمنل اسٹاف پولیس بفورس پولیس پیش ہوئی -

چونکہ پولیس کریمنل اسٹاف پولیس فورس ہی کا ایک جزو ہے لہذا

طے پایا کہ :-

پولیس کریمنل اسٹاف شمل پولیس فورس بتحت اختیارات عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر رہے گا - اور پولیس فورس ہی کا ایک حصہ شمار ہوگا -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

مورخہ ۷ ر فروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۵ ر فروری ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر بابت استفسار رعایت زمان مینیل اسٹاف محکمہ باغات از شرح تخفیف شدہ بہنگام تقرر پیش ہو کر

طے پایا کہ :-

تخفیف شدہ ملازم رکھنے کی شرط ان اسامیوں کیواسطے ہے جو قابل پنشن قرار دیگئی ہیں ناقابل پنشن اسامیوں پر صیغہ جات مجاز ہیں کہ حسب صوابدید خود تقرری کی کارروائی کریں -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

مورخہ ۱۰ ر فروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۵ ر فروری ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری تعین مصارف ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ پیش ہو کر واضح ہوا کہ بموجب آمدنی مندرجہ نقشہ منسلکہ مصارف سالانہ تعدادی (۱۴۳۹ ر ۷ ر) کی تفصیل حسب ذیل ہے -

نمبر شمار	نام مد	تعداد رقم
(۱)	مد مشاہرات	ساحہ
(۲)	اسٹیشنری وغیرہ	۱۱ر
(۳)	مد روشنی	۱۱۱ر
(۴)	مرمت کمر نجہ ، نالی	۱۱۱ر
(۵)	رزرو فنڈ برائے ضروریات غیر معمولی -	۱۰۳

طے پایا کہ :-

بجٹ ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ تعین مصارف حسب صراحت بالا منظور ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

مورخہ ۷ ر فروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۵ ر فروری ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت اجرائے گزٹ سرکاری بنام جملہ غیر سرکاری ممبر صاحبان بہادر کمیٹی واضع قوانین بلا قیمت پیش ہو کر طے پایا کہ -

جملہ غیر سرکاری ممبر صاحبان بہادر کمیٹی واضع قوانین کے نام بلا قیمت سرکاری گزٹ کا اجرا منظور ہے - عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر طباعت واشاعت کا مناسب انتظام کر دیں قیمت گزٹ بجٹ کمیٹی واضع قوانین سے ادا ہوگی -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقع ۱۰ رفروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم فروری ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابتہ منظوری روپیہ ماہانہ اضافہ در تنخواہ فیروزہ بیگم اسسٹنٹ ٹیچر خورشید گرلس اسکول پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق رائے محکمہ تعلیمات فیروزہ بیگم اسسٹنٹ ٹیچر خورشید گرلس اسکول کی موجودہ تنخواہ میں یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے چار روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔

بجٹ متعلقہ میں گنجائش ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقع ۱۰ رفروری

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۵ رفروری ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ منظور شدہ سابق ناظم صاحب کتبخانہ سرکاری بوجہ عدم استفادہ پیش ہوکر طے پایا کہ۔

رخصت رعایتی ایک ماہ منظور شدہ سابق کی تنسیخ بوجہ عدم استفادہ منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقع ۱۰ رفروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ فروری میں تجویز عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بابت منظوری رخصت رعایتی مزید دو ماہ از یکم جنوری ۱۹۳۶ء تا آخر فروری ۱۹۳۶ء بصورت خاص بغرض علاج چشم بہج لال جی سرجن المدد سررشتہ صدر پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب تجویز دو ماہ کی رعایتی رخصت بصورت خاص منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم

واقع ۱۲ رفروری ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۵ رفروری ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر انچارج ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ بابتہ منظوری قائمی نو آبادی ڈویلپمنٹ فنڈ بدیں صراحت کہ جن نو آبادی کاروں سے رقم تقاوی درہ وصول ہو اور داخل کنندگان کے آباد نہ ہونے کی وجہ سے قابل تبدیل ہو تو ایسی رقوم کا ایک فنڈ قائم کیا جائے جس کا نام نو آبادی ڈویلپمنٹ فنڈ رکھا جائے اور اسمیں سے نو آبادی کے مفید کاموں پر صرف کیا جائے پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب صراحت تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر انچارج ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ قائمی نو آبادی ڈویلپمنٹ فنڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم مورخہ ۳ فروری ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر تصدیق، کاؤنٹ افسر
مولوی وصال محمد خاں منصف مجسٹریٹ کی رخصت، رعایتی دو یوم
۱۲ و ۱۳ جنوری ۱۹۳۶ء بوجہ تقاضائے مشاہرہ رخصت
رعایتی سابقہ۔ بصورت خاص منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو
اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر